سوال

(784) تعویذ جن پر سورہ فاتحہ ۔ آیۃ الکرسی کے علاوہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے گھر میں بہت پریشانی ہے اس حالت میں وہ تعویذ جن پر سورہ فاتحہ ۔ آیۃ الکرسی کے علاوہ بہت کچھ لکھا ہوا ہے کچھ تعویذ ہندسوں میں خانے بنا کر لکھے گئے ہیں کسی کو دروازے پر لٹکانا ہے اور کسی کو پانی میں ڈال کر پینا ہے کیا یہ شرک تو نہیں جبکہ فتاویٰ برکاتیہ میں تعویذ وغیرہ کرنا جائز لکھا ہے ؟ محمد ادریس نوکھر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کی پریشانیوں کو دور فرمائے نیز آپ کے گھریلو احوال کی اصلاح فرمائے ۔ تعویذ گنڈے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں البتہ دم جو شرک وکفر نہ ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے ۔ آپ گھر میں سورہ بقرہ کی تلاوت کثرت سے کیا کریں نیز نمازوں کے بعد رات اور سوتے وقت سورہ اخلاص اور معوذتین پڑھا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا آپ کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا ۔

پھر صبح کم از کم سو دفعہ ''لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ'' پڑھ لیا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ آپ شیطانی اثرات سے محفوظ رہیں گے ۔ ۸/۳/۱۴۱۷ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

جلد 01 ص 501

محدث فتویٰ